# صحت کے کارکنوں کے لیے انفلوئنزا ویکسین



**انفلوئنزا یعنی فلو کمزور افراد میں شدید بیماری اور موت کا سبب بنتا ہے۔ اپنی حفاظت اور مریضوں اور اپنے پیاروں کی حفاظت کے لیے ویکسین لگوائیں۔**

### صحت کے اداروں میں انفلوئنزا کی وبا

صحت کے کارکنوں کی بڑی تعداد کی ویکسینیشن کے ذریعے انفلوئنزا کی بیماری اور نگہداشتِ صحت کے اداروں میں انفلوئنزا کے کیسوں کو کم کیا جا سکتا ہے۔ یہ خاص طور پر ان مریضوں کے لیے اہم ہے جو خود ویکسین نہیں لگوا سکتے، اور ان مریضوں کے لیے بھی جن کے کمزور مدافعتی نظام کی وجہ سے ویکسین کا اثر کم ہوتا ہے۔

### ہنگامی صورتحال کے لیے تیاری

صحت کے کارکنوں کی بڑی تعداد کا انفلوئنزا ویکسین لگوانا متعدی بیماریوں کے بڑے پیمانے پر پھیلاؤ کے دوران ہنگامی صورتحال کی تسلی بخش تیاری کے لیے بھی اہم ہے۔

### انفیکشن کا زیادہ خطرہ

عملۂ صحت کو انفلوئنزا انفیکشن لگنے کا امکان ان بالغ افراد کے مقابلے میں نمایاں طور پر زیادہ ہوتا ہے جو صحت کے شعبے میں کام نہیں کرتے۔

اگر آپ کو انفیکشن لگ جائے تو آپ سے یہ بیماری دوسروں تک پھیل سکتی ہے چاہے آپ میں واضح علامات نہ ہوں۔ وائرس قطروں، ہوا اور چھونے کے ذریعے ایک انسان سے دوسرے تک پہنچتا ہے۔ بالغ افراد سے عام طور پر علامات ظاہر ہونے سے ایک دن پہلے انفیکشن پھیلنا شروع ہو سکتا ہے اور وہ بیمار ہونے کے 3 سے 5 دن بعد تک انفیکشن پھیلا سکتے ہیں۔

### کیا آپ زیادہ خطرہ رکھنے والے لوگوں کے ساتھ کام کرتے ہیں؟

مریضوں سے واسطہ رکھنے والے تمام عملۂ صحت اور نرسنگ سٹاف کو ویکسین لگوانے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ یہ خاص طور پر ان کارکنوں کے لیے اہم ہے جن کا واسطہ زیادہ خطرہ رکھنے والے مریضوں سے ہوتا ہے، مثال کے طور پر بوڑھوں کی دیکھ بھال، نوزائیدہ بچوں کے شعبے، کینسر کے علاج، انفیکشنز کے علاج یا انتہائی نگہداشت کے یونٹوں میں کام کرنے والے۔

جن کارکنوں کو انفیکشن سے واسطہ پڑتا ہے، ان کا آجر ان سب کو ویکسینیشن کی پیشکش کرے گا اور اس کے اخراجات اٹھائے گا۔ اپنے کام کی جگہ پر ویکسینیشن کے متعلق معلومات کے لیے اپنے آجر سے رابطہ کریں۔

### فلو ویکسین کے متعلق اہم معلومات

انفلوئنزا وائرس مسلسل بدلتا رہتا ہے اور ویکسین کو ہر سال وائرس کی ان اقسام کے مطابق بدلا جاتا ہے جو پھیلی ہوئی ہوں۔ وقت کے ساتھ ساتھ ویکسین کا اثر بھی کم ہو جاتا ہے لہذا ہر سال ویکسین لگوانا ضروری ہے۔

بالغ افراد کو انفلوئنزا ویکسین سے فلو نہیں ہو سکتا کیونکہ اس میں انفلوئنزا وائرس کے صرف ٹکڑے ہوتے ہیں۔

انفلوئنزا ویکسین کورونا وائرس یا ان دوسرے وائرسوں اور بیکٹیریا سے نہیں بچاتی جو فلو جیسی علامات کا سبب بن سکتے ہیں۔

موسمی انفلوئنزا کی ویکسین سے شدید ضمنی اثرات ہونا شاذونادر ہے۔ عام ضمنی اثرات انجیکشن لگنے کی جگہ پر سرخی، چھونے سے درد اور سوجن ہیں۔ کچھ لوگوں کو بخار، پٹھوں میں درد اور عمومی خرابیٔ طبیعت کا احساس ہو سکتا ہے۔ شدید الرجک رد عمل بہت کم ہوتے ہیں۔

ویکسین اکتوبر/نومبر میں، فلو کا موسم شروع ہونے سے پہلے لگوانی چاہیے۔ تحفظ مہیا ہونے میں 1 سے 2 ہفتے لگتے ہیں۔

یہاں مزید تفصیل پڑھیں
fhi.no/voksenvaksinasjon

Helsedirektoratet

FHI